
سُورَةُ الانفطار
پھٹ جائے
القرآن ۸۲:۰۱-۱۹
QuranicQuotes.com


إِذَا ٱلسَّمَآءُ ٱنفَطَرَتْ
جب آسمان پھٹ جائے گا۔
القرآن ۸۲:۰۱
QuranicQuotes.com

وَإِذَا ٱلْكَوَاكِبُ ٱنتَثَرَتْ

اور جب تارے بکھر جائیں گے۔

القرآن ٨٢:٠٢

QuranicQuotes.com


وَإِذَا ٱلْبِحَارُ فُجِّرَتْ
اور جب سمندرپھاڑ دیے جائیں گے۔
القرآن ٨٢:٠٣
QuranicQuotes.com


وَإِذَا ٱلْقُبُورُ بُعْثِرَتْ
اور جب قبریں تلپٹ کردی جائیں گی۔
القرآن ۸۲:۰۴
QuranicQuotes.com

عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ وَأَخَّرَتْ

(اُس وقت) ہر جان جان لے گی کہ اس نے
کیا آگے بھیجا اور کیا پیچھے چھوڑا۔

القرآن ۸۲:۰۵

QuranicQuotes.com

يَـٰٓأَيُّهَا ٱلْإِنسَـٰنُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ ٱلْكَرِيمِ

اے انسان ! تجھے کس چیز نے دھوکے میں
ڈال دیا ہے اپنے ربّ کریم کے بارے میں۔

القرآن ٨٢:٠٦

QuranicQuotes.com

ٱلَّذِى خَلَقَكَ فَسَوَّىٰكَ فَعَدَلَكَ

جس نے تمہیں تخلیق کیا پھر تمہارے
نوک پلک سنوارے پھر تمہارے اندر
اعتدال پیدا کیا۔

القرآن ٨٢:٠٧


QuranicQuotes.com

فِىٓ أَىِّ صُورَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَ

پھر جس شکل میں اس نے چاہا تجھے
ترکیب دے دیا۔

القرآن ٨٢:٠٨

QuranicQuotes.com



كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُونَ بِٱلدِّينِ
ہرگز نہیں ! بلکہ اصل میں تم جزا و سزا
کا انکار کر رہے ہو۔
القرآن ٨٢:٠٩
QuranicQuotes.com



وَإِنَّ عَلَيْكُمْ لَحَـٰفِظِينَ
حالانکہ تم پر نگران (فرشتے) مقرر ہیں۔
القرآن ٨٢:١٠
QuranicQuotes.com

# كِرَامًا كَـٰتِبِينَ

جو بڑے باعزت لکھنے والے ہیں۔

القرآن ٨٢:١١

QuranicQuotes.com



يَعْلَمُونَ مَا تَفْعَلُونَ
وہ جانتے ہیں جو کچھ تم کر رہے ہو۔
القرآن ۸۲:۱۲
QuranicQuotes.com

إِنَّ ٱلْأَبْرَارَ لَفِى نَعِيمٍ

یقینا نیکوکار بندے نعمتوں میں ہوں گے۔

القرآن ۸۲:۱۳

QuranicQuotes.com

وَإِنَّ ٱلْفُجَّارَ لَفِى جَحِيمٍ

اور یقینا گنہگار جہنم میں ہوں گے۔

القرآن ۸۲:۱۴

QuranicQuotes.com

يَصْلَوْنَهَا يَوْمَ ٱلدِّينِ

داخل ہوں گے اس میں جزا و سزا کے
فیصلے کے دن۔

القرآن ۸۲:۱۵

QuranicQuotes.com



وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَآئِبِينَ
اور وہ اس سے کہیں غائب نہیں ہو سکیں گے۔
القرآن ٨٢:١٦
QuranicQuotes.com

وَمَآ أَدْرَىٰكَ مَا يَوْمُ ٱلدِّينِ

اور کیا تمہیں کچھ معلوم ہے کہ روز جزا
کیا ہے ؟

القرآن ٨٢:١٧

QuranicQuotes.com


ثُمَّ مَآ أَدْرَىٰكَ مَا يَوْمُ ٱلدِّينِ
پھر کیا تمہیں کچھ معلوم ہے کہ روزجزا کیا ہے ؟
القرآن ۸۲:۱۸
QuranicQuotes.com

يَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ
لِّنَفْسٍ شَيْـًٔا ۖ وَٱلْأَمْرُ يَوْمَئِذٍ لِّلَّهِ

جس روز کسی جان کو کسی دوسری
جان کے لیے کوئی اختیار حاصل نہیں ہوگا
اور حکم اس دن اللہ ہی کے ہاتھ میں ہوگا۔

القرآن ۸۲:۱۹

QuranicQuotes.com